فوری ریلیز کے لیے: 29/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے تعطیل کے ہفتے کے دوران ریاست کی سڑکوں پر سفر کو بہتر بنانے کے لیے ریاست بھر میں تیاریوں کا اعلان

ریاستی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے نشے کی حالت میں اور لاپرواہی سے گاڑی چلانے والے ڈرائیوروں کو ہدف بنائیں گے

تھرو وے (Thruway) اتھارٹی، محکمۂ آمد و رفت سڑکوں پر کام معطل رکھیں گے

سنہ 2025 کے نفاذ کے دوران تقریباً 50,000 ٹکٹ جاری کیے گئے، جن میں نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے لیے 1,500 سے زیادہ شامل ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج یومِ آزادی کی تعطیل کے ویک اینڈ کے دوران ریاستی سڑکوں پر سفر کو بہتر بنانے کے لیے حکومت بھر میں ریاست گیر کوششوں کا اعلان کیا۔ قانون نافذ کرنے والے ریاستی اور مقامی ادارے 4 جولائی کی چھٹی کے ویک اینڈ سے پہلے اور اس کے دوران ریاست بھر میں لاپرواہی سے اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کے لیے گشت میں اضافہ کریں گے۔ یہ مہم، جس کی مالی اعانت گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی (Governor's Traffic Safety Committee, GTSC) کی طرف سے کی گئی ہے، پیر، 29 جون کو شروع ہو کر اتوار، 5 جولائی تک چلے گی۔ اس کے علاوہ، مصروف تعطیل کے ویک اینڈ کے دوران بھیڑ کو ہٹانے اور سفر کو تیز کرنے کے لیے، جمعرات سے شروع ہونے والی لین کی عارضی بندشوں کو معطل کر دیا جائے گا۔

"اس تاریخی چھٹی اور ہماری قوم کی آزادی کی 250ویں سالگرہ منانے کا مزہ لیں، لیکن ذمہ داری سے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ریاست نیو یارک اس ہفتے کے آخر میں سفر کو ہر ممکن حد تک ہموار اور محفوظ بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، لیکن سڑکوں پر حفاظت ایک اجتماعی کوشش ہے۔ ہمارے ہاں لاپرواہ ڈرائیوروں کے لیے کوئی رواداری نہیں جو دوسروں کو خطرے میں ڈالتے ہیں، لہٰذا اگر آپ شراب پی رہے ہوں گے تو براہِ کرم ایک منصوبہ بنائیں اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ نہ کریں"۔

نیو یارک بھر میں قانون نافذ کرنے والے افسران نشے کی حالت کی پڑتال کرنے کے مقامات مقرر کریں گے اور موسمِ گرما کا مصروف ترین سفری ویک اینڈ تصور کیے جانے والے ویک اینڈ کے دوران خطرناک اور جارحانہ ڈرائیونگ کرنے والوں کو نشانہ بنائیں گے۔

تعطیلات کے اس مصروف ترین ویک اینڈ کے دوران سفر کو آسان بنانے کے لیے، ریاست نیو یارک کی شاہراہوں پر سڑکوں اور پلوں کے تعمیراتی کاموں کی وجہ سے نافذ کردہ لینوں کی عارضی بندشیں جمعرات 2 جولائی کو صبح 6 بجے سے پیر 6 جولائی کو صبح 6 بجے تک معطل کر دی جائیں گی۔ گاڑی چلانے والوں کو آگاہ رہنا چاہیے کہ ممکن ہے کہ کنکریٹ کی مستقل رکاوٹوں کے پیچھے یا ہنگامی مرمتوں کے لیے کام جاری ہو۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ موٹر گاڑیوں کی قائم (Department of Motor Vehicles, DMV) مقام کمشنر Christian Jackstadt (کرسچن جیکسٹڈ) نے کہا، "اس 4 جولائی کو ہم آزادی کے اعلان پر دستخط کی 250

ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر کوئی اس تاریخی سنگِ میل کو محفوظ طریقے سے اور ذمہ داری سے منائے۔ براہِ کرم لاپرواہی سے گاڑی نہ چلائیں اور کبھی بھی، کبھی بھی نشے کی حالت میں گاڑی نہ چلائیں۔ محفوظ متبادل موجود ہیں، اس لیے براہِ کرم سڑک پر اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے ایک منصوبہ بنائیں"۔

نیو یارک ریاستی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Steven G. James (سٹیون جی جیمز) نے کہا، "تیز رفتاری سے، نشے کی حالت میں اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ جیسے خطرناک رویے ہماری سڑکوں پر ہر روز درجنوں زخمیوں اور اموات کا باعث بنتے ہیں۔ جیسا کہ ہم 4 جولائی کی یاد منانے کی تیاری کر رہے ہیں، ہم سب کو ذمہ داری کے ساتھ منانے کے لیے متحرک رہنے اور آگے کی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ یاد رکھیں، ہر کوئی چھٹی سے لطف اندوز ہونے کے لیے کہیں جانے کی کوشش کر رہا ہے، اور ہم پر لازم ہے کہ سڑک کو محفوظ طریقے سے اور احترام کے ساتھ مل کر استعمال کریں۔ مضبوط شراکت داری اور قانون کے نفاذ کے ذریعے، ریاست نیو یارک کی پولیس DMV اور ہمارے قانون نافذ کرنے والے ساتھیوں کے ساتھ غیر ذمہ دار ڈرائیوروں کو سڑک سے دور رکھنے کے لیے کام جاری رکھے گی"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت کی (New York State Department of Transportation, NYSDOT) کمشنر Marie Therese Dominguez (میری تھیریس ڈومینگیز) نے کہا، "اس چار جولائی کو، جب ہم اپنے ملک کی 250ویں سالگرہ دوستوں اور اہلِ خانہ کے ساتھ منا رہے ہیں، تو آئیے ہم محفوظ طریقے سے اسے منائیں۔ میری سب سے گزارش ہے کہ مہربانی کریں، شراب پی کر گاڑی نہ چلائیں، رفتار کی مقرر کردہ حدود کی پابندی کریں، اپنے فون کو نیچے رکھیں اور اس کام پر توجہ دیں جو آپ کر رہے ہیں یعنی - ڈرائیونگ۔ چھٹی والے اس ویک اینڈ پر ٹریفک کو محفوظ طریقے سے منتقل کرنے میں مدد کے لیے، ریاستی محکمۂ آمد و رفت تمام غیر ہنگامی تعمیراتی سرگرمیاں معطل کر دے گا۔ آئیے سب وہ کریں جو ہم محفوظ طریقے سے منانے کے لیے کر سکتے ہیں"۔

نیو یارک سٹیٹ تھرو وے اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Frank G. Hoare (فرینک جی ہوئر) نے کہا، "لاکھوں موٹر سوار اس یوم آزادی والے ویک اینڈ پر نیو یارک میں ریاست بھر میں ہونے والے متعدد واقعات کے لیے سفر کر رہے ہیں۔ چھٹی والے اس ویک اینڈ پر تعمیراتی سرگرمیوں کو معطل کرنے سے گاڑی چلانے والوں کو کم تاخیر کے ساتھ اپنی منزل تک پہنچنے میں مدد ملے گی۔ ہمارے ملازمین اور ہنگامی امدادی کارکنان اب بھی پورے ویک اینڈ پر گاڑی چلانے والوں کی مدد کے لیے سڑک پر موجود رہیں گے، اس لیے براہِ کرم رفتار کم کریں اور سڑک کے کنارے تمام گاڑیوں کے پاس سے لین بدل کر آگے بڑھیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر ایک محفوظ اور خوشگوار چھٹی کا اختتام ہفتہ گزارے۔ موٹرسواروں کو محفوظ رکھنے کے ساتھ ان کی وابستگی کے لیے ہم ریاست نیو یارک کی پولیس کے ٹروپ ٹی میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں"۔

نیو یارک سٹیٹ ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس کے صدر اور ٹاؤن آف برائٹن پولیس ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ David Catholdi (ڈیوڈ کیتھولڈی) نے کہا، "نیو یارک سٹیٹ ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس فخر کے ساتھ گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی کی 4 جولائی کو نافذ کرنے والی مہم کی حمایت کرتی ہے۔ یوم آزادی جشن کا وقت ہے، خاص طور پر جیسا کہ ہم اس عظیم قوم کے 250 سال مناتے ہیں، لیکن یہ ذاتی ذمہ داری کا بھی وقت ہونا چاہیے۔ ریاست بھر میں قانون نافذ کرنے والے ادارے ہماری سڑکوں کو محفوظ رکھنے کے لیے مصروف عمل نفاذ کی کوششوں کے ذریعے پُرعزم ہیں جن کا مقصد نشے کی حالت میں اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کو روکنا ہے۔ ہم نیو یارک کے تمام باشندوں سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ دانش مندانہ فیصلے کریں — آگے کی منصوبہ بندی کریں، ہوش میں رہتے ہوئے گاڑی چلائیں، اور ہمیشہ اپنی سیٹ بیلٹ پہنیں۔ مل کر، ہم جانیں بچا سکتے ہیں اور سب کے لیے محفوظ چھٹی کو یقینی بنا سکتے ہیں"۔

السٹر کاؤنٹی شیرف اور NYS شیرفس ایسوسی ایشن کے صدر Juan Figueroa (جوآن فیگیروا) نے کہا، "بچوں کے اسکول بند ہیں، گھر سے باہر کھانا پکائے جا رہے ہیں، اور بہت سے لوگ 4 جولائی اور آزادی کے اعلان پر دستخط کرنے کی 250 ویں سالگرہ کا جشن منائیں گے۔ اگر آپ اپنی خود مختاری برقرار رکھنا چاہتے ہیں، تو نشے کی حالت میں یا لاپرواہی سے گاڑی نہ چلائیں۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے ان خطرناک ڈرائیوروں کی تلاش

میں رہیں گے۔ ریاست نیو یارک کے شیرف چاہتے ہیں کہ آپ موسمِ گرما سے لطف اندوز ہوں اور سڑکوں پر اور سٹیئرنگ وہیل کے پیچھے محفوظ رہیں"۔

گزشتہ سال اسی مہم کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 49,843 ٹکٹ جاری کیے تھے۔ مجموعی طور پر 1,563 افراد پر شراب یا نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کرنے کا الزام عائد کیا گیا، 612 ٹکٹوں کو موو اوور قانون کی خلاف ورزی پر اور 1,926 ٹکٹوں کو ڈرائیونگ میں مشغول ہونے پر جاری کیا گیا۔

نیو یارک کا موو اوور قانون ڈرائیوروں سے دوسرے ڈرائیوروں، مسافروں، روڈ وے کے کارکنوں اور ہنگامی عملے کی زندگیوں کی حفاظت کے لیے روڈ وے کے ساتھ رکی ہوئی تمام گاڑیوں کے پاس رفتار کم کرنے اور لین بدل کر آگے بڑھنے کا تقاضا کرتا ہے۔ گاڑی چلانے والوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ گاڑی چلاتے وقت ہوشیار رہیں، جب وہ سڑک کے کنارے گاڑی دیکھیں تو رفتار کم کریں اور لین بدل کر آگے بڑھیں۔

عدم توجہی سے ڈرائیونگ کو کم کرنے کے لیے، نیو یارک ٹیکسٹ سٹاپ، بشمول پارک اور سواری کی سہولیات، ریسٹ سٹاپ، سروس ایریاز اور ریاستی شاہراہوں کے ساتھ پارکنگ ایریاز فراہم کرتی ہے۔ تمام ٹیکسٹ اسٹاپس کھلے رہیں گے، جو ایسے مقامات فراہم کرتے ہیں جہاں ڈرائیور محفوظ طریقے سے اور باآسانی اپنے فون اور دیگر موبائل آلات کو کال، ٹیکسٹ، راستہ دیکھنے اور موبائل ایپس تک رسائی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ ڈرائیونگ کے دوران ٹیکسٹ کرنا مہلک ہو سکتا ہے، کیونکہ یہ موٹرسوار کی نظریں سڑک سے ہٹاتا ہے، ہاتھ سٹیئرنگ سے ہٹاتا ہے اور ذہن کو ڈرائیونگ سے ہٹاتا ہے۔

ریاست نیو یارک کے تھرو وے پر واقع تمام 27 سروس ایریاز ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے کھلے رہتے ہیں۔ گاڑی چلانے والے تھرو وے اتھارٹی کی ویب سائٹ اور مفت موبائل ایپ، جو iPhone اور Android ڈیوائسز پر مفت ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے، پر سروس ایریاز دیکھ سکتے ہیں اور اپنے سٹاپ کا منصوبہ بنا سکتے ہیں۔ یہ ایپ سفر کے دوران گاڑی چلانے والوں کو بروقت ٹریفک اور نیویگیشن کی معاونت تک براہ راست رسائی بھی فراہم کرتی ہے۔ گاڑی چلانے والے TRANSalert ای میلز کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں، جو Thruway کے ساتھ تازہ ترین حالات فراہم کرتی ہیں۔

مسافر سفر سے قبل 1-1-5 پر کال کر کے، 511 ویب سائٹ پر جا کر، یا App Store یا Google Play سے مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے بھی NYSDOT کا NY511 چیک کر سکتے ہیں۔ یہ مفت سروس صارفین کے لیے سڑک کے حالات کو چیک کرنے، 2,219 ٹریفک کیمروں کو دیکھنے اور ہوائی اور ٹرانزٹ کی معلومات سے منسلک ہونے کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ اس ایپ میں ڈرائیو موڈ کی خصوصیت موجود ہے، جو صارف کے گاڑی چلانے کے دوران منتخب کردہ راستے پر قابل سماعت الرٹس فراہم کرتی ہے اور انہیں حادثات اور تعمیراتی کاموں سے متعلق خبردار کرتی ہے۔

GTSC اور ریاست نیو یارک کی STOP-DWI فاؤنڈیشن ڈرائیوروں کو یاد دہانی کرواتے ہیں کہ ان کی "Have a Plan" موبائل ایپ، Android، Apple اور Windows اسمارٹ فونز کے لیے دستیاب ہے۔ یہ ایپ نیو یارک کے شہریوں کو ٹیکسی یا رائڈ شیئر سروس تلاش کرنے یا ان سے رابطہ کرنے اور ڈرائیوروں کی ایک مخصوص فہرست بنانے کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ یہ ایپ DWI قوانین اور جرمانے کے بارے میں معلومات اور ایک مشکوک نشے میں دھت ڈرائیور کی اطلاع دینے کا طریقہ بھی فراہم کرتی ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ پولیس، GTSC اور NHTSA گاڑی چلانے کے قابل نہ ہوتے ہوئے گاڑی چلانے کو روکنے کے لیے ان آسان تجاویز کی سفارش کرتے ہیں:

- تفریح شروع ہونے سے پہلے گھر جانے کے محفوظ ذریعے کا انتظام کریں؛
- شراب نوشی سے پہلے، گاڑی چلانے کے لیے ایک ایسے فرد کو نامزد کریں جو نشے میں نہ ہو؛

- اگر آپ نشے میں ہونے کی وجہ سے گاڑی نہیں چلا سکتے، تو ٹیکسی یا رائیڈشیئر بلائیں، یا دوستوں یا اہل خانہ میں سے کسی ایسے شخص کو بلائیں جو نشے میں نہ ہو، یا پبلک ٹرانسپورٹیشن استعمال کریں۔

- اپنی کمیونٹی کا سوبر رائیڈ پروگرام استعمال کریں؛

- اگر آپ کو شک ہو کہ کس ڈرائیور نے شراب پی رکھی ہے یا حالتِ غیر میں سڑک پر گاڑی چلا رہا ہے، تو بلاجھجک قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے سے رابطہ کریں۔

- اگر آپ کو کسی ایسے شخص کے متعلق علم ہو جو حالتِ غیر میں گاڑی چلانے والا ہے یا گاڑی میں سوار ہونے والا ہے، تو اس سے چابیاں لے لیں اور محفوظ طریقے سے اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے دیگر انتظامات کرنے میں اس کی مدد کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں